بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکریٹریٹ

نمبر پی اے بی/س/۲/۲۰۱۸ء

مورخہ ۲۷ اپریل ۲۰۲۱ء

بجانب:۔

جناب چیف سیکرٹری،
حکومت بلوچستان،
کوئٹہ۔

عنوان:۔ **قرارداد نمبر ۱۰۳**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی نشست منعقدہ مورخہ ۲۳ اپریل ۲۰۲۱ء میں ایوان سے پاس شدہ ذیل قرارداد نمبر ۱۰۳ منجانب ملک سکندر خان ایڈووکیٹ قائد حزب اختلاف برائے ملاحظہ و مزید کارروائی ارسال خدمت ہے:۔

﴿قرارداد﴾

ہرگاہ کہ مورخہ 17 ستمبر 2020ء کے منعقدہ اجلاس میں تحریک التواء نمبر ۲ پر سیر حاصل بحث کے بعد جناب اسپیکر نے رولنگ جاری فرمائی کہ حکومت آئین کے آرٹیکل (۳)۲۹ کے تحت حکمت عملی کے اصولوں کی بابت رپورٹ پیش کرنے کو یقینی بنائے۔
چونکہ 1973 سے لے کر اب تک 48 سالوں کی طویل مدت کے دوران مختلف حکومتیں معرض وجود میں آئیں لیکن آئین کا باب دوئم جو حکمت عملی کے اصولوں سے متعلق ہے اور آئین میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں پر عمل پیرا نہ ہوسکیں اس لئے معاشرے میں آئین و قانون کی بالادستی قائم نہ ہوسکی اگر مذکورہ عرصہ دوران کے حکمت عملی اصولوں پر عمل درآمد کیا جاتا تو معاشرے سے ظلم و ستم، عدم برداشت، قتل و غارت گری، تعصب و فرقہ واریت جیسے ناسور عوامل کا خاتمہ ہوجاتا خواتین اور اقلیتوں کو آئینی حقوق ملتے، معاشرتی اقدار بلند ہوتے اور معاشرے میں یکساں ترقی و عزت کی فضا قائم ہوجاتی نیز مسلمانوں کو انفرادی و اجتماعی زندگی اسلام کے مطابق گزارنے کے مواقع ریاست اور اس کے ادارے آئین کے تحت فراہم کرتے۔

لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ آئین کے آرٹیکل ۲۹ تا ۴۰ پر فوری عمل درآمد کرنے کے سلسلے میں ایک کمیشن کے قیام کو یقینی بنایا جائے تاکہ وہ حکمت عملی کے حصول مرتب کروا کے ایوان میں پیش کیا جانا ممکن ہوسکے۔

(طاہر شاہ کاکڑ)
سیکرٹری

نقل برائے اطلاع و ضروری کارروائی مرسل ہوئے بخدمت:۔

۱) جناب ملک سکندر خان ایڈووکیٹ قائد حزب اختلاف، بلوچستان صوبائی اسمبلی۔
۲) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ بلوچستان، کوئٹہ۔
۳) جناب سیکرٹری محکمہ قانون و پارلیمانی امور، حکومت بلوچستان کوئٹہ۔
۴) جناب سیکرٹری محکمہ ملازمتہائے و عمومی نظم و نسق، حکومت بلوچستان کوئٹہ۔
۵) جناب سیکریٹری برائے اسپیکر، بلوچستان صوبائی اسمبلی۔
۶) پی ایس برائے سیکرٹری بلوچستان صوبائی اسمبلی۔

27/04/2021

(عبدالرحمٰن)
اسپیشل سیکرٹری (قانون سازی)

Scanned with CamScanner